الجامعة البنورية العالمية
پی او بکس نمبر: ۱۰۶۹۸ سائٹ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

Email: darulifta@gmail.com Web:www.jamiabinoria.net Ph: +92-21-2560300\2560400 Fax: +92-21-2564586

Name	:> **abdul mateen**	Serial No	:> **4444**
Address	:> **Rawalpindi**	Fatwa No	:> 38604
Sebject	:> **masla**	Date	:> **6/10/2008**
Question	:>	Email	:>

assalm au alaikum
mufti sahib ma ye masla poochna chahta hoo k chote bache jab faut hojate ha yani nabaligh ak do mahine ke ya ak do saal k to un k saath faut hone k baad se ya qaber ma lkya muamla hota hai, tafseeli wzahat farmae....
jazakallah
wassalam
abdul mateen

السلام علیکم
مفتی صاحب میں یہ مسئلہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ چھوٹے بچے جب فوت ہو جاتے ہیں یعنی نابالغ ایک دو مہینے کے یا ایک دو سال کے تو ان کے ساتھ فوت ہونے کے بعد سے یا قبر میں کیا معاملہ ہوتا ہے۔ تفصیل سے وضاحت فرمائیں
جزاکم اللہ۔ والسلام۔ عبدالمتین / راولپنڈی

الجواب حامداً ومصلیاً

مسلمانوں کے بچوں کے بارے میں تو تقریباً سب کا اتفاق ہے کہ وہ ماں باپ کے تابع ہونے کی وجہ سے جنت میں جائیں گے البتہ مشرکین کے بچوں کے بارے میں حضرات مفسرین ومحدثین اور فقہاء کرام کے مختلف اقوال ہیں۔ بعض فرماتے ہیں کہ ماں باپ کے تابع ہونے کی وجہ سے وہ بھی جہنم میں جائیں گے۔ بعض فرماتے ہیں کہ اعراف میں ہونگے۔ لیکن صحیح قول یہ ہے کہ ہر بچہ چونکہ فطرت اسلام پر پیدا ہوتا ہے اسلئے وہ بھی جنت میں ہی جائیں گے۔ جزاکم اللہ صاحب سے اس مسئلہ میں توقف ثابت ہے۔

وفی صحیح البخاری: عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ما من مولود الا یولد علی الفطرۃ فابواہ یھودانہ او ینصرانہ اھ (ص۹۲۶ ج۲)

وفی فتح الباری: ثالثھا انھم فی الجنۃ الی قولہ) قال النووی وھو المذھب الصحیح المختار الذی صار الیہ المحققون، لقولہ تعالی «وما کنا معذبین حتی نبعث رسولا» واذا کان لا یعذب العاقل لکونہ لم تبلغہ الدعوۃ فلان لا یعذب غیر العاقل من باب الاولی اھ (ص۳۱۵ ج۳)

وفی التتمامیۃ: وقد حکی فیھم الامام النووی ثلاثۃ مذاھب الاکثر انھم فی النار. الثانی التوقف، الثالث الذی صححہ انھم فی الجنۃ اھ (ص۱۹۲ ج۲)

واللہ تعالی اعلم
بندہ حسیب احمد عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱۴۲۹ھ جمادی الثانی

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۰ جمادی الثانی ۱۴۲۹ھ

الجواب صحیح
مفتی سیف
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۱۰ جمادی الثانی ۱۴۲۹ھ

دار الافتاء ۳۸۶۰۴
رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ
رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

18/6/08